SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر X مجریہ ۱۹۷۸

SINDH ORDINANCE NO.X OF 1978

سندھ موٹر گاڑیاں محصول (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۸

THE SINDH MOTOR VEHICLES TAXATION (AMENDMENT) ORDINANCE, 1978

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

۲۔ ۱۹۵۸ کے مغربی پاکستان ایکٹ XXXII کی دفعہ 4-A کی ترمیم

Amendment of section 4_A of West Pakistan Act XXXII of 1958

۳۔۱۹۵۸ کے مغربی پاکستان ایکٹ XXXII کی دفعہ ۱۳ کی ترمیم

Amendment of section 13 of West Pakistan Act XXXII of 1958

سندھ آرڈیننس نمبرX مجریہ ۱۹۷۸

SINDH ORDINANCE NO.X OF 1978

سندھ موٹر گاڑیاں محصول(ترمیم) آرڈیننس،۱۹۷۸

THE SINDH MOTOR VEHICLES TAXATION (AMENDMENT) ORDINANCE, 1978

[۵جولائی۱۹۷۸]

سندھ موٹر گاڑیاں محصول ایکٹ، ۱۹۵۸ میں ترمیم کا آرڈیننس

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ موٹر گاڑیاں محصول ایکٹ، ۱۹۵۸ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہو گی؛

اب اس لیئے، ۵ جولائی ۱۹۷۷ کے اعلان کے تحت، لاز (کنٹی نیوئنس ان فورس) آرڈر، ۱۹۷۷ کے روشنی میں سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات

۱۔ (ا) اس آرڈیننس کو سندھ موٹر گاڑیاں محصول (ترمیم) آرڈیننس،

۱۹۷۸ کہا جائے گا۔

Short Title and commencement

(۲) یہ فی الفور نافذ ہو گا۔

۱۹۵۸ کے مغربی پاکستان ایکٹ XXXII کی دفعہ 4-A کی ترمیم

Amendment of section 4_A of West Pakistan Act XXXII of 1958

۲۔ سندھ موٹر گاڑیاں محصول ایکٹ، ۱۹۵۸ میں، جس کو بعد میں بھی ایکٹ ہی کہا جائے گا، اس کی دفعہ 4-A میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو کاما سے تبدیل کیا جائے گا، جس کے بعد مندرجہ ذیل پرووِیزو بڑھایا جائے گا:

"حکومت موٹر گاڑیوں کے کسی درجے یا درجات کے لیئے، نوٹی فکیشن کے ذریعے سہ ماہی یا چھ ماہی اقساط کے ذریعے ٹیکس کی ادائگی کی اجازت دے سکتی ہے، ایسی تاریخوں پر، جو نوٹی فکیشن میں بتائی گئی ہوں گی۔"۔

۱۹۵۸ کے مغربی پاکستان ایکٹ XXXII کی دفعہ ۱۳ کی ترمیم

Amendment of section 13 of West Pakistan Act XXXII of 1958

۳۔ ترمیم ہونے والے ایکٹ کی دفعہ ۱۳ میں:

(a) ذیلی دفعہ (۱) کے بعد، مندرجہ ذیل ذیلی دفعہ شامل کی جائے گی:

"(۲) جہاں کوئی موٹر گاڑی استعمال کے قابل نہیں رہی، اس سلسلے میں مجاز افسر، تحریری درخواست کے ذریعے، ایسی گاڑی کے استعمال میں نہ ہونے والے عرصے کے دوران ٹیکس کی مد میں کٹوتی کروا سکتا ہے۔"

وضاحت: استعمال میں نہ ہونے کا عرصہ رواں مالی سال کی سہ ماہی کی تاریخ کے بعد دکھایا جائے گا، جس کے دوران گاڑی کے استعمال میں نہ ہونے کا عرصہ شروع ہوا ہے۔

"(2-A) ذیلی دفعہ (۲) کی تحت درخواست کے ساتھ ایسی افسر کے اطمینان کے

لیئے گاڑی کی رجسٹریشن پلیٹ اور ایسی دیگر دستاویزی ثابتی ہو گی، جو رجسٹرڈ پوسٹ کے ذریعے بھیجی جائے گی:

بشرطیک گاڑی کی چوری کی صورت میں، یا حادثا جس سے رجسٹریشن پلیٹ ضایع ہو گئی ہو، تو درخواست کے ساتھ رجسٹریشن ڈاکومنٹ اور پولیس کے پاس داخل کرائی گئی ایف آئی آر کی تصدیق شدہ نقل ہونے چاہیئے۔"

(b) ذیلی دفعہ (۳) کو مندرجہ ذیل طریقے سے متبادل بنایا جائے گا:

"(۳) جہاں ٹیکس مقررہ تاریخ سے پہلے جمع کرائی گئی ہو، حکومت ایسی صورت میں نوٹی فکیشن کے ذریعے چھوٹ دے سکتی ہے، جو جمع کردہ ٹیکس کے ۵ فیصد سے زیادہ نہ ہو۔"

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔